استفسارات

۱ ۔ چیست معراج آرزوئے شاہدے؟

۲ ۔ محترمہ ڈورس احمد علامہ کے ہاں کب تشریف لائیں؟

ڈاکٹر وحید عشرت
احمد جاوید

قارئین کرام

حکیم الامت علامہ محمد اقبال کی زندگی ، شعریات ، ملفوظات اور افکار کے حوالے سے اقبال اکادمی پاکستان کو وقتاً فوقتاً کچھ سوالات موصول ہوتے رہتے ہیں، اکادمی کی طرف سے رہنمائی کی غرض سے انہیں جوابات فراہم کیے جاتے ہیں ،بعض استفسارات کی نوعیت چونکہ علمی ہوتی ہے لہٰذا انہیں اقبالیات میں شائع کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے-

اس سلسلے کا مقصد محض علمی ہے اور فکر و شعر اقبال کی تفہیم ہے- سوال بھیجتے وقت اس پہلو کو پیش نظر رکھا جائے -

(مدیر)

استفسار

چیست معراج آرزوئے شاہدے

سوال : جاوید نامہ کی تمہید زمینی میں ۔ چیست معراج آرزوئے شاہدے کے بعد والا شعر ہے

شاہد عادل کہ بے تصدیق او
زندگی ما را چو گل را رنگ و بو

کلیات اقبال فارسی ص ۶۰۸ (شیخ غلام علی اینڈ سنز)

مجھے مصرعہ دوم میں گل کے ساتھ '' را '' چبھتا ہے - یہ چو گل بے رنگ و بو ہونا چاہیے- رنگ و بو گل کے گل ہونے کا معیار ہیں - تصدیق ہیں -گل بے تصدیق رنگ و بو، گل نہیں اور شاہد عادل کی تصدیق کے بغیر ہماری زندگی ، زندگی نہیں ---- اور تصدیق کو منطقی اصطلاحات '' تصور و تصدیق '' کی روشنی میں لیا جائے یا محض attestation میری مشکل حل فرما دیں -

اہل دیں را باز دان از اہل کیں
ہم نشین حق بجو با او نشیں

کلیات فارسی ص ۷۹۵ (ایضاً)

کے بارے میں اگر معلوم ہو سکا ہو کہ کس کا شعر ہے تو آ گاہ فرمائیں -

ارشاد احمد شاکر - بفہ مانسہرہ

جواب ---

جناب نے '' جاوید نامہ کے جس شعر کے بارے میں اپنے اشکال کا ذکر فرمایا ہے ، وہ کلیات میں صحیح چھپا ہے - اس کو اس طرح دیکھیں کہ شاہد عادل کی تصدیق کے بغیر زندگی ہمارے لیے ویسی ہی ناپائدار اور غیر حقیقی ہو جائے گی جیسے کہ پھول کے لیے رنگ و بو - ابھی ہے اور ابھی نہیں - یہاں ضروری ہے کہ رنگ و بو کے روایتی معانی کو پیش نظر رکھا

جائے -

'' تصدیق '' دونوں معنی میں ہے - شاہد کی نسبت سے attestation ہے اور '' رنگ و بو'' یعنی تصور کے مقابلے میں تصدیق اصطلاحی -

'' اہل دین را -----'' مولانا روم ہی کا شعر ہے مثنوی کے دفتر اوّل میں مل جائے گا-

احمد جاوید

☆☆☆

محترمہ ڈورس احمد علامہ کے ہاں کب تشریف لائیں ؟

سوال - گذارش ، اقبال اکیڈمی والوں سے یہ ہے کہ وہ اس امر کا تعین کرے کہ محترمہ ڈورس احمد علامہ کے ہاں کب تشریف لائیں - کیونکہ اس سلسلے میں بعض متعلقین کے بیانات متضاد ہیں

(بحوالہ ہفت روزہ لاہور ۱۳ نومبر ۱۹۹۹ء)

شیخ عبدالماجد (لاہور) مصنف اقبال اورتحریک احمدیت

جواب -ہفت روزہ لاہور کی ۱۳ نومبر ۱۹۹۹ء کی اشاعت میں شیخ عبدالماجد نے زندہ رود مصنفہ ڈاکٹر جاوید اقبال اور قرطاس اقبال از پروفیسر محمد منور کے حوالے سے ایک تسامح کی نشان دہی کی ہے جس کا تعلق محترمہ ڈورس احمد کی جاوید منزل آمد کی تاریخوں میں بہت زیادہ فرق سے ہے - انہوں نے اقبال اکادمی پاکستان سے اس سلسلے میں استفسار کیا ہے ہم نے محترمہ ڈورس احمد کی جاوید منزل آمد کے بارے میں علامہ اقبال کے خطوط کو ہی اساس بنایا ہے- شیخ عبدالماجد نے دوسرے جو مختلف اشارات کیے ہیں ان کو نظر انداز کرتے ہوئے ہم ڈاکٹر جاوید اقبال اور منیرہ بانو دختر علامہ اقبال کی گورنس محترمہ ڈورس احمد کے متعلق عرض کریں گے کہ آپ جولائی ۱۹۳۷ء کے آخری ہفتے میں ہی لاہور تشریف لائی تھیں - زندہ رود ص ۹۵۸ (یک جلد) جب آپ علی گڑھ سے لاہور